# مانمن خبریں

نمبر3 _ 19 ,ستمبر 2012

## 1,0000 سے زائد ذیلی اور شراکتی کلیسیائوں کے ہمراہ ساری دنیا اور قوم کو انجیلی بشارت دینے والے مانمن سینٹرل چرچ کا پینتیس سالہ ایمانی سفر




۲۵ جولائی ۲۰۱۲ کو مانمن سینٹرل چرچ کا تیسواں (۳۰) یومِ تاسیس تھا۔

مانمن سینٹرل چرچ کا آغاز تینتیس(۳۳) مربع میٹر کے ایک مَقدِس میں ۱۳ ارکان اور تقریباًسات ڈالرز کے ساتھ ہوا تھا ،اب وہ چرچ بڑھتے بڑھتے لگ بھگ ۱۰،۰۰۰ ذیلی شاخوں اور شراکتی کلیسیائوں پر مشتمل ہو گیا ہے۔ یہ ساری دنیا میں انجیل کی منادی کرنے والی اور خدا کی قدرت کو بیان کرنے والی کلیسیا ہے ۔یہ جی سی این ٹی وی کی نشریات ، کتابوں اور شائع کردہ مواد کے وسیلہ ادبی خدمات کے وسیلہ خدا وند کی محبت عام کرتی ہے اوربے شمار روحوں کو نجات کی راہ تک لاتی ہے ۔مانمن کی تیس سالہ تاریخ میں روح القدس کی رہنمائی اور تحریک شامل رہی ہے ۔

۱۹۷۴میں بزرگ پاسبان ڈاکٹر جے راک لی کوخدا سے ملاقات کے وقت فی الفور اپنی ہولناک بیماری سے شفا مل گئی ۔چار سال بعد،اُس کو پاسبان ہونے کی بلاہٹ ملی اور انہوں نے چرچ کے آغاز کے لئے دعا کی ۔دعا کے دوران انہیں خدا کا کلام مِلا جس میں اُن کو کہا گیا کہ "جب سورج پوری آب کو تاب کے ساتھ چمک رہا ہو تب چرچ کا آغاز کرو۔ "جس طرح خدانے اُن سے کہا تھا ،۲۵جولائی ۱۹۸۲ کو انہوں نے چرچ کا آغاز کیا اور افتتاحی عبادت میں پیغام پیش کیا جس کا عنوان تھا "خزانوں کا خزانہ ایمان ہے ۔ "

چونکہ کلیسیا ہر روز مَقدِس میں خدا کی بادشاہی اور راستبازی کے لئے دعا کرتی تھی لہٰذا خدا نے اُن کو عالمگیر انجیلی بشارت اور عظیم مَقدِس کی رویا بخشی ۔جس طرح خداوند کے شاگرد وں اپنی پیروی کرنے والے لوگوں پر خدا کا کلام نشانات اور عجیب کاموں سے ثابت کیا تھا ،ڈاکٹر جے راک لی نے بھی خداکی قدرت کے کام دکھائے اور وقت گزرنے کے ساتھ کلیسیا بہت ترقی کرنے لگی۔

امریکی جریدے کرسچن ورلڈ نے ۱۹۹۰میں اِس چرچ کو "دنیا کی پچاس بڑی کلیسیائوں " میں سے ایک ہونے کے لئے منتخب کر لیا ۔تیسرے ہزار سالہ عیسوی دور کے آغاز سے لے کر اب تک ڈاکٹر جے راک لی نے سمندر پار بے شمار کروسیڈز کا انعقاد کیا جنہوں‌نے امریکہ ، پاکستان ، بھارت، روس اور جرمنی جیسے ممالک کے لاکھوں لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کر لیا۔ خصوصا۲۰۰۹ میں جب انہوں نے اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ کا انعقاد کیا تو انجیل کی بشارت ایک بار پھر اسرائیل میں بھی ہوئی جہاں انہوں نے منادی کی کہ صرف یسوع ہی ہمارا نجات دہندہ ہے ۔(متعلقہ مضمون صفحہ نمبر پر دیکھیں )

مانمن کی تیس سالہ تاریخ میں وفاداری اور محبت اِس کا خاص امتیاز رہی ہے جس نے اراکین کو شکرگزاری سے بھر دیا ہے ۔ بے شمار اراکین خداوند کی مانند بننے کی کوشش کر کے ایمان کی چٹان پر کھڑے ہوئے ہیں اور انہوں نے روح میں اور پوری روح میں آکراپنی جانوں کو خوشحال بنا لیا ہے ۔وہ باقاعدہ طریقہ سے نیا یروشلیم "زور سے "لے رہے ہیں جو کہ آسمان کی سب سے خوبصورت سکونت گاہ ہے ۔

اس کے علاوہ جی سی این ٹی وی نے اپنی جی سی این کو عالمگیر سطح پر لاکر اپنی نشریات کو وسعت دی ہے اور اب اس کی نشریات ۱۷۶ ممالک میں دیکھی جاتی ہیں ۔کلیسیا نے یوریم بُکس(www.urimbooks.com)، ایم آئی ایس (مانمن انٹر نیشنل سیمنری اور ڈبلیو سی ڈی این (ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک) جیسی مختلف الحاقی تنظیموں کے ساتھ مل کر انجیلِ مبارکہ کا پیغام پھیلایا ہے ۔

مانمن سینٹرل چرچ خدا کی عظیم اور عجیب قدرت کے ساتھ بے شمار روحوں کو نجات کی راہ تک لانا اور خدا کی بادشاہی کو وسعت دینا جاری رکھے گا جو اِس اخیر زمانہ میں آدمیوں کے گناہ آلودہ اور بدی سے بھرپور دل کو بدل دیتی ہے ۔مزید براں،کلیسیا کنعان مَقدِس کی تعمیر بھی کرے گا جو خدا کے بخشے ہوئے فضل سے عظیم مَقدِس کی شروعات ہے اوراِس اخیر زمانہ میں خدا اپنی پیش انتظامی کا وعدہ پورا کرے گا۔ہم خدا کا شکر کرتے اور سارا جلال اُس کو دیتے ہیں جو کثرت کے پھل سمیت ہمارے ساتھ ہے ۔

# بتدائی کلیسیا

"اور یہ رسولوں سے تعلیم پانے اور رفاقت رکھنے اور روٹی توڑنے اور دعا کرنے میں مشغول رہے ۔اور ہر شخص پر خوف چھا گیا اور بہت سے عجیب کام اور نشان رسولوں کے ذریعہ ظاہر ہوتے تھے اورجو ایمان لائے تھے وہ سب ایک جگہ رہتے تھے اور سب چیزوں میں شریک تھے ۔اور اپنا مال و اسباب بیچ بیچ کر ہر ایک کی ضرورت کے موافق سب کو بانٹ دیا کرتے تھے ۔اور ہرروز ایک دل ہو کر ہیکل میں جمع ہوا کرتے اور گھروں میں روتی توڑ کر خوشی اور سادہ دلی سے کھانا کھایا کرتے تھے ۔اور خدا کی حمد کرتے اور سب لوگوں کو عزیز تھے اور جو نجات پاتے تھے اُن کو خداوند ہر روز اُن میں مِلا دیتا تھا "(اعمال ۴۷-۲:۴۲)۔

خداوند کے آسمان پر جانے کے بعد سے یروشلیم ،سارے یہودیہ ، سامریہ اور زمین کی انتہا تک انجیل کی منادی کی جاتی تھی اور بڑی تعداد میں کلیسیائیں قائم ہو گئی تھیں۔اُن کلیسیائوں میں سے کِس طرح کی کلیسیائوں نے ایسی خدمت کی جو خداوند کی مرضی کے عین مطابق تھی ؟

ابتدائی کلیسیا کا قیام اُن شاگردوں اور رسولوں کے وسیلہ عمل میں آیا تھا جو خداوند کے جی اٹھنے اور اُس کے آسمان پر جانے کے پہلے گواہ تھے اور جیسا کہ خداوند نے کہا تھا ،انہوں نے روح القدس اور اختیار پایا تھا۔انتہا درجہ کے دردناک تشدد کے باوجود کلیسیا کو زبردست ترقی اور بیداری کا تجربہ ہوا تھا۔مزید برآں،اس نے سارے یہودیہ اور سامریہ کے علاوہ ساری دنیا میں انجیل کی بشارت کی بنیادبھی رکھی تھی ۔

پہلے دن سے ہی مانمن سینٹرل چرچ نے ابتدائی کلیسیا کا نمونہ اپناکر پیروی کی اور خود کو قومی اور عالمگیر بشارت کے لئے وقف کر رکھا ہے ۔ایساکر کے یہ ایسا چرچ بن گیا ہے جو سب قوموں کے لوگوں کو نجات کی راہ تک رہنمائی دیتا ہے اور اس کے ساتھ ۱۰،۰۰۰ کے قریب ذیلی شاخیں اور اشتراکی کلیسیائیں بھی شامل ہیں ۔پس، آئیں ہم ایسی کلیسیا کی خصوصیات کو پروان چڑھائیں جیسی خدا چاہتا ہے اور ابتدائی کلیسیا کے بارے میں کچھ سیکھیں ۔

## 1۔یہ ایسی کلیسیا ہے جہاں کئی عجیب کام اور معجزات ظہور میں آتے ہے۔

اعمال ۲:۴۳کہتی ہے کہ "اور ہر شخص پر خوف چھا گیا اور بہت سے عجیب کام اور نشان رسولوں کے ذریعہ ظاہر ہوتے تھے ۔ "یہاں عجیب کام اور نشان سے مراد ایسے کام ہیں جو انسانی لیاقت سے کئے نہیں جا سکتے مگر صرف قادرِ مطلق خدا کی قدرت سے ہی ظہور میں آسکتے ہیں ۔

مثال کے طور پر اِس سے طویل قحط کے دور میں بھی بارش ہوجاتی ہے ۔یہ سمندری طوفانوں اور ہوائوں کا رُخ تبدیل کر دیتی ہے حتیٰ کہ اُن کو ختم ہوجانے پر بھی مجبور کردیتی ہے ۔شفا کے ایسے کام جو انسانی لیاقت سے کئے نہیں جا سکتے :مثلاً مردوں کا زندہ ہونا،اندھوں کا بینائی پاجانا اور بہروں کا سُننا اور لنگڑوں کو چلانا ،اِن باتوں کو ایسے عجیب کام اور نشان کہا جا سکتا ہے ۔ جب بہت سے عجیب کام اور نشان ظاہر ہوتے ہیں تو اِس بات کا امکان بڑھ جاتا ہے کہ بے ایمان اور کم ایمان رکھنے والے لوگوں کی زندہ خدا سے ملاقات ہو اور وہ روحانی ایمان پا سکیں ۔بالخصوص آج جب سائنسی علوم ترقی کر رہے ہیں اور گناہ اور لاقانونیت عروج پر ہے ،ہمیں عجیب کاموں اور نشانوں کی اشد ضرورت ہے (یوحنا۴:۴۸)۔

پھر،ابتدائی کلیسیا کے دور میں بے شمار عجیب کام اور نشان کیوں ظاہر ہوئے تھے ؟اُس وقت ایماندار ہمیشہ پاک روح سے معمور زندگی بسر کرتے تھے ۔وہ خداوند کی تعلیمات اور رسولوں کی سکھائی ہوئی باتوں کی پیروی کرنے کی حد درجہ کوشش کرتے تھے لہٰذا پاک روح کے عظیم کام رونما ہوتے تھے ۔مزید یہ کہ اُس وقت رسول شخصی طور سے کلیسیا کی خدمت کرتے تھے ۔ یہاں پر 'رسولوں' سے مراد وہ لوگ ہیں جن میں اپنی کوئی مرضی شامل نہ تھی بلکہ وہ اپنے سارے دل سے اپنے اُستاد کی خدمت اور فرمانبرداری کرتے تھے ۔پس،خداوند کے رسول ہر طرح کی بُرائی کو دُور کر تے اور اُن کی کامل تقدیس ہوتی تھی ،انہیں خداوند جیسا دل ملتا تھا اور وہ بھی خداوند کی طرح خدا کی مرضی کو کُلی طور پر پورا کرتے تھے ۔انہیں اوپر سے قدرت ملتی تھی اور وہ معجزانہ کام ظہور میں لاتے تھے ۔ اگر آج بھی پاسبان اسی طرح کی خصوصیات رکھیں تو عجیب کام اُن کے ساتھ ہوں گے جیسے کہ ابتدائی کلیسیا میں ہوتے تھے ۔چونکہ کلیسیا کو بھی خدا کی قدرت کا تجربہ حاصل ہوتا تھا اس لئے اراکین کا ایمان روز بروز بڑھتا جاتا تھا۔ایسے اراکین بھی تھے جو خدا کی قدرت کے کام کرتے تھے جن میں ستفنس اور فلپس جیسے بزرگ خادم شامل ہیں۔

## 2۔ایسی کلیسیا جو ایک دوسرے کی چیزوں میں شریک تھے اور سب کا مال و اسباب مشترکہ تھا ۔

اعمال ۴۵-۲:۴۴کہتی ہے کہ " اورجو ایمان لائے تھے وہ سب ایک جگہ رہتے تھے اور سب چیزوں میں شریک تھے ۔اور اپنا مال و اسباب بیچ بیچ کر ہر ایک کی ضرورت کے موافق سب کو بانٹ دیا کرتے تھے ۔ "اِس سے ثابت ہوتا ہے کہ ابتدائی کلیسیا میں روحانی محبت کی کیسی کثرت تھی ۔چونکہ وہ سب مسیح کے خون میں بھائی بہن تھے اس لئے کبھی یہ نہیں کہتے تھے کہ "یہ میری چیز ہے !وہ تمہاری ہے! "وہ اپنے اعمال اور سچائی میں خداوند کی

'مانمن' کی خوبصورت داستان

## "چرچ کی ابتدا سے ہی خدا کی قدرت کے عجیب کام رونما ہوئے"۔



پاسٹر ڈائی ہی چو
(پیرش کے دوسرے عظیم بزرگ پاسبان )

اکیس سال کی عمر میں تشخیص کے بعد بتایاگیا کہ مجھے تیسرے درجہ کی تپِ دق ہے اور یہ کہ میں جلد ہی مر جائوں گا۔جنوری ۱۹۸۳ء میں مجھے اپنی ماں کی پیٹھ پر اٹھا کر مانمن سینٹرل چرچ کی جمعہ کی شب بھر کی دعائیہ عبادت میں لایا گیا۔چرچ کے قریب رہایش پذیر میری دادی نے چرچ میں خدا کے عجیب کاموں کا مکاشفہ دیکھ کر چرچ آنے میں میری رہنمائی کی ۔مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ لوگوں کو سٹریچر پر اٹھا کر عبادت گاہ میں لایا جا رہا ہے اور وہ اپنے پیروں پر چل کر عبادت گاہ سے جاتے ہیں ۔ جب میں نے دیکھا کہ پاسٹر جے راک لی کی دعا سے لوگ مختلف بیماریوں سے شفا پاتے ہیں تو اِس حقیقت سے انکار نہ کر سکا کہ صرف خدا ہی زندہ خدا ہے ۔بعد ازاں،میں نے تیس دن کا روزہ رکھ کر خود کو شفا کے لئے تیا رکیا اور دعائیہ عبادت میں شریک ہوا۔میں نے مکمل توبہ کی کیونکہ میں اپنے بھائی کو چرچ جانے کی وجہ سے گالیاں دیتا تھا اور اُن کو نظر انداز کرتا تھا جو انجیل کی منادی کرتے تھے ۔

پھر،میں نے پاسٹر لی سے دعا کروائی ۔دعا کے بعد مجھے کھانسی میں خون آنا رُک گیااور سینے میں سے درد کا احساس بھی جاتا رہا۔میری صحت تیزی سے بحال ہوئی اور میرا وزن ۴۴ پونڈ (تقریبا۲۰ کلو ) بڑھ گیا۔خداوند کے فضل سے میں نے نئی زندگی پائی اور میں پاسٹر بن گیا۔

قومی اور عالمگیر بشارتی رویا کے ساتھ بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی پاسبانوں کی تربیت کرتے اور اُن کی مدد کرتے ہیں جن میں ایمان کی کمی ہو،حتیٰ کہ اُن وقتوں میں بھی جب سرمایہ کافی نہ ہو۔اب بھی ہمارے چرچ کی ایک فلاحی کمیٹی ہے اوروہ ایک ہزار سے زائد گھرانوں کی مدد کرتے ہیں جن میں وہ بچے بھی شامل ہیں جن کے والدین نہیں ہیں‌اور اس کے علاوہ دیگر ضروریات بھی پوری کرتے ہیں ۔اس کے علاوہ چرچ اُن طالب علموں کی مدد بھی کرتا ہے جو غربت کی وجہ سے اپنے تعلیمی اخراجات برداشت نہیں کر سکتے ۔ نشانات، عجائب اور قدرت کے کام جو اب بہت بڑھ چکے ہیں اِن سے مجھے اعتماد مِلا ہے اور بحیثیت پاسبان تصدیق ہوئی ہے ۔میں خدا کا شکر کرتا اور ساراجلال اُسے دیتا ہوں جس نے مجھے خداوند کا گواہ ہونے کی حیثیت سے زندگی گزارنے کی برکت دی ہے ۔

## "مانمن خدا کی مرضی پوری کرنے والا ایک خوبصورت چرچ ہے"۔



بزرگ خادمہ جُنگ سُون لی
(دعاگو افراد کی جماعت)

میں دیہاتی علاقہ کے ایک چرچ میں گیا۔پاک روح پانے کے بعد مجھے چرچ جانا بہت اچھا لگتا تھا۔جب میں نے اپنی سونے کی واحد انگوٹھی خدا کو دے دی ، تو میں نے دعا میں اُس سے کہا کہ مجھے ایسا ایمان دے کبھی بھی نہ بدلے ،یعنی سونے کی مانند خالص ایمان۔پھر خدا نے مجھے لاتبدیل ایمان دیا اورلوگوں کے سامنے انجیل کی لاتبدیل منادی کرنے میں مدد دی ۔

میرا سب سے چھوٹا بھائی نہایت بیش قیمت پھل ہے ۔وہی ڈاکٹر جے راک لی ہے یعنی مانمن سینٹرل چرچ کا بزرگ پاسبان ۔جب مختلف اقسام کی بیماریوں کے باعث ناامیدی کی حالت میں موت کا انتظار کر رہا تھا ،تب میں سیئول کوریا میں آیا تا کہ اُسے چرچ لے جائوں ۔میں نے معذرت چاہی کہ مجھے راستے ٹھیک طرح معلوم نہیں ہیں اور اُس سے کہا کہ مجھے بزرگ خادمہ شِنائے ہِیون کی عبادت میں لے جائے ۔میراپورا ایمان تھا کہ خدا میرے بھائی کو شفا دے گا۔

اُس وقت میرا بھائی سخت بیمار تھا لیکن وہ مجھے انکار نہیں کر سکتا تھا اور پھر وہ میرے ساتھ وہاں چلا گیا۔دعائیہ عبادت کے ماحول کی وجہ سے میرا بھائی بغیر سوچے سمجھے گھٹنوں کے بل ہو گیا ۔عین اُس لمحہ روح القدس کی آگ کے وسیلہ اُسے اپنی ساری بیماری سے شفا مل گئی ۔ہالیلویاہ!

بعد ازاں،اُسے خدا کی طرف سے پاسبان ہونے کی بلاہٹ ہوئی ۔اُس نے ۱۹۸۲میں مانمن چرچ کا افتتاح کیا۔اب وہ چرچ اپنا تیسواں یومِ تاسیس منا رہا ہے ۔خدا کے فضل سے اُس کا چرچ اتنا بڑا ہو چکا ہے کہ اس کی لگ بھگ ۱۰،۰۰۰ ذیلی شاخیں اور شراکتی کلیسیائیں ہیں ۔

اگست ۱۹۸۲ میں،میں مانمن سینٹرل چرچ آیا اور اُس وقت سے میں چرچ میں ہر روز دعا کرتا ہوں۔اُس وقت صرف چھ دعا گو لوگ موجود تھے مگر اب دعاگو لوگوں کی تعداد ۱۷۰ سے بھی زیادہ ہے ۔وہ چرچ کے لئے ، پاسبان کے لئے ،اپنے ملک کے لئے اور عالمگیر بشارت کے لئے ہر روز دعا کرتے ہیں۔

جب چرچ کا افتتاح ہوا تو خدا نے ہمیں شمالی کوریا میں خدمت کی رویا دی ۔اُس نے ہمیں بتایا کہ ہم میں سے بعض لوگ اُس کی خدمت کے لئے جنوبی کوریا جائیں گے جب شمالی کوریا اپنے دروازے دیگر ممالک کے لئے کھول دے گا۔اُس نے یہ بھی کہا کہ میرے بچوں میں سے ایک اِس رویا کو پورا کرے گا۔میں اپنے بچے کے بارے میں سوچ کر ہی خدا کا شکر کرتا ہوں کہ وہ بھی اُس راہ پر چلے گا جس طرح پولس رسول خدا کی نجات کی بخشش کے لئے چلا تھا اور اُن لاتعداد جانوں کے لئے شکر کرتا ہوں جنہیں خداوند کے خون کے وسیلہ قیمت سے خریدا گیا تھا ۔

میں خداوند کو ساری چاہت دیتا اور اُس کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے ہمارے چرچ اور خاندان کو برکت دی کہ خدا کی مرضی کو پورا کر سکیں ۔

محبت عمل میں لاتے تھے ۔اُن میں ایسے لوگ بھی تھے جو خداوند کے جی اٹھنے کے گواہ تھے ۔اس لئے اُن کے دل آسمانی امید کے لئے تڑپتے تھے ۔اُن میں یہ لالچ نہیں تھا کہ اپنا مال اسباب اِس زمین پر جمع کریں ۔انہوں نے اپنی املاک بیچ دیں،غریبوں میں بانٹ دیں اور اُن کی سب چیزیں مشترکہ تھیں۔

آج دنیا میں مادہ پرستی اور خود غرضی عروج پر ہے ۔آج ابتدائی کلیسیا جیسے ایماندار تلاش کرنا بہت مشکل ہے ۔ لیکن اگر آپ ایمان میں حقیقی بھائی چارہ رکھتے ہیں اور مال و دولت کا لالچ نکال پھینکتے ہیں تو آپ بھی ایسا کر سکتے ہیں ۔اپنی پڑوسی سے اپنی مانند محبت کے عمل سے آپ مسیح کے نُور کی خوشبوپھیلا سکتے ہیں ۔آپ کے اعمال کو دیکھ کر متعدد جانیں خداوند کے پاس واپس آجائیں گی ۔

"سب چیزوں میں شریک ہونے اور مال اسباب کا مشترکہ ہونے "کا تعلق صرف روپے پیسے سے نہیں ہے ۔ اُن سب کے دل بھی مشترکہ تھے ۔اسی طرح سے آپ کو یہ نہیں چاہئے کہ صرف اپنی رائے پر ہی اسرار کریں بلکہ دوسروں کی عزت بھی کریں ۔پھرکوئی مخالفت اور کوئی تکرار نہیں ہو گی ۔اگر ہم سب معاملات میں میل ملاپ رکھیں اور سب کے ساتھ تمام چیزیں بانٹیں اور شفیق محبت کے ساتھ دوسروں کی فکر کریں تو ہم بھی اپنی کلیسیا کو خدا کی نظر میں خوبصورت بنا سکتے ہیں ۔


بزرگ پاسبان ڈاکٹر جے راک لی

### 3۔ایسی کلیسیا جہاں لوگ ہر روز خدا کی ہیکل میں جمع ہوتے تھے ۔

آیت ۴۶ کہتی ہے "اور ہرروز ایک دل ہو کر ہیکل میں جمع ہوا کرتے اور گھروں میں روتی توڑ کر خوشی اور سادہ دلی سے کھانا کھایا کرتے تھے "۔' روٹی توڑنا " سے یہ مراد نہیں کہ وہ خوراک کے طور پر روٹی کھانے کے لئے جمع ہوتے تھے ۔اِس کا روحانی مطلب یہ ہے کہ وہ اکٹھے ہوتے اور خدا کا کلام سُنتے اور سیکھتے تھے جو کہ اُن کی روحانی روٹی تھی ۔ ابتدائی کلیسیا کے راکین پوری دلجمعی کے ساتھ رسولوں کی تعلیم کے مطابق خدا کا کلام سنتے اور سیکھتے تھے ۔انہوں نے سیکھے ہوئے کلام کو عملی صورت دینے کے لئے خود کو ایک دل ہو کر دعا کرنے کے لئے وقف کر رکھا تھا ۔یہی وجہ ہے کہ وہ خدا کی ہیکل میں ہر روز جمع ہوتے تھے ۔چونکہ انہوں نے اِس طرح کلیسیا میں اکٹھا ہونے اور دعا کرنے کے لئے خود کو وقف کر دیا تھا ،اس لئے انہوں نے اوپر سے قوت پائی اور خدا کے کلام کے مطابق زندگی گزار سکے ۔ان کو اِس دنیا میں بھی برکت ملی تھی اورلوگوں کو انجیل کی بشارت دینے اور وفاداری سے کام کرنے کے عوض آسمان پر بھی اُن کا اجر بڑا تھا ۔

آج،بے شمار کلیسیائیں ہیکل میں جمع نہیں ہوتیں۔بعض کلیسیائوں میں تو علیٰ الصبح کی عبادت بھی نہیں ہوتی ۔ عبرانیوں ۲۵-۱۰:۲۴ میں ہم پڑھتے ہیں کہ ... "محبت اور نیک کاموں کی ترغیب دینے کے لئے ایک دوسرے کا لحاظ رکھیں ۔اور ایک دوسرے کے ساتھ جمع ہونے سے باز نہ آئیں جیسا بعض لوگوں کا دستور ہے بلکہ ایک دوسرے کو نصیحت کریں اور جس قدر اُس دن کو نزدیک ہوتے ہوئے دیکھتے ہو اسی قدر زیادہ کیا کرو۔ " کلیسیائوں کو چاہئے کہ دھیان گیان کے لئے ہیکل میں جمع ہوں اور ایک دل ہو کر دعا کریں ۔جب کلیسیائیں جمع ہوتی اور دعا کرتی ہیں تو وہ جلال اور پاک روح کے سچائی سے بھرپور کام اور سچائی کلیسیائیں بن سکتی ہیں ۔

### 4۔ایسی کلیسیاجس میں خداوند ہر روز نجات پانے والوں کو شامل کردیتا تھا

اعمال ۲:۴۷ بیان کرتی ہے کہ ، "اور خدا کی حمد کرتے اور سب لوگوں کو عزیز تھے اور جو نجات پاتے تھے اُن کو خداوند ہر روز اُن میں مِلا دیتا تھا "۔وہ خدا کی تعریف کر سکتے ، شادمان ہوسکتے اورپوری آسمانی امید کے ساتھ اُس کا شکر ادا کر سکتے تھے ۔

جب آپ اپنی اندر سے مسیح کی خوشبو بکھیرتے ہیں تو لوگ اِس طرح اقرار کریں گے کہ ، "اوہ،یہ شخص تو حقیقی مسیحی ہے ۔میں بھی چرچ جانا چاہتا اور اِسی طرح ایمان رکھنا چاہتا ہوں! "اس سے خدا کو جلال ملے گا اور وہ کئی جانوں کو کلیسیا تک رہنمائی دے گا۔اسی طرح سے جب آپ کی کلیسیا پوری طرح سے خدا کی مرضی کو جانتی اور اس کی پیروی کرتی ہے تو وہ بہت شادمان ہوگا ،برکت دے گا اور عظیم بیداری لائے گا۔ عزیز بھائی اور بہنو!زبور۳۷:۴ میں ہم پڑھتے ہیں کہ "خداوند میں مسرور رہ ،اور وہ تیرے دل کی مرادیں پوری کرے گا۔ "جب ہم خدا کے کلام پر ایمان رکھتے ، اُس کی فرمانبرداری کرتے اور اُس کوشادمان کرتے ہیں تو نہ صرف کلیسیا ئی طور پر بلکہ ہم شخصی طور پر بھی جان کی شادمانی ، صحت ، دولت، روپیہ پیسہ اور خاندان جیسی برکات پاتے ہیں ۔ہم جو کچھ مانگیں وہ پا سکتے ہیں ۔

میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ پاک روح کی قدرت کے ساتھ خدا کو جلال دیں اور متعدد جانوں کو نجات کی راہ تک رہنمائی دیں جیسا کہ ابتدائی کلیسیا نے بھی کیا تھا۔

---

## "مانمن ایمان،فرمانبرداری اور محبت کا پھل ھے"۔

اگست ۱۹۸۲ میں ،مجھے بزرگ خادمہ گیومسُن وِن نے مانمن سینٹرل چرچ کی جمعہ کی شب بھر کی عبادت میں بھیجا گیا جو کہ میریبیوی ہے ۔میرے لئے حیرت کی بات ہے کہ میں بعد میں بائبل مقدس کے سارے کلام پر ایمان لے آیا۔چونکہ مجھے مسیحی زندگی میں دعا کی اہمیت کا احساس تھا،لہٰذا میں نے دعا کرنا کبھی نہیں چھوڑا ۔ خدا نے مجھے کچھ ذمہ داریاں دیں:میں فنانس ڈویژن کا رُکن اور تعمیراتی کمیٹی کا چئیر مین تھا۔مجھے چرچ کے مالی امور چلانے میں مشکل پیش آرہی تھی لیکن میں نے دعا میں خدا کے حضور اِس بات کا اقرار کیا۔صرف ایمان ہی کی وجہ سے ہم اپنے مقدس کو نئی جگہ بنانے کے قابل ہوئے ۔جب بُدھ کی عبادت اور اتوار کی عبادت اور جمعہ کی شب بھر کی عبادت میں میں مقدِس لوگوں سے بھرنے لگا تو خدا نے ہمیں دوسری جگہ جانے کی اجازت دی۔کلیسیائی اراکین کی تعداد اتنی تیزی سے بڑھی کہ ہمیں بہت بڑی عبادت گاہ بنانے کا وقت بھی نہ مل پایا۔ ہم جب بھی جگہ بدلتے ، پاسٹر جے راک لی ہمیشہ ایمان کی مثال ظاہر کرتے تھے ۔خدا اُس کے ایمان سے خوش اور اس کا ضامن تھا۔خدا کے کاموں کا مکاشفہ دیکھ کر فنانس ڈویژن میں کام کرنے والے لوگ اور میں ایمان میں بڑھے ۔

جب چرچ کی بنیاد رکھی گئی تو خدا نے مانمن کو عظیم عبادت گاہ تعمیر کرنے کی ذمہ داری دی۔خدا نے اُس کی چھت اور اندرونی حصہ جات دکھائے ،۹۶ ستون اورچھت پر صلیب کی شکل دکھائی ۔اِس کا فضائی منظر ہفتہ وار جریدہ میں شائع ہو تا ہے ۔


اب کنعان مقِدس اور عظیم عبادت گاہ کی تعمیر کے لئے جس سے اِس زمین پر خدا کو جلال ملے گا سارے مانمن اراکین بالکل ایک کی طرح متحد ہو رہے ہیں ۔میں اُس دن کے بارے میں سوچ کر خوشی سے سرشار ہوں جب خدا کے فرزند جو خداوند کے مشابہ ہیں اُس کے جلال سے معمور اِس عبادت گاہ میں اُس کی حمد کریں گے ۔میں ڈاکٹر جے راک لی کا پورے دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے یہ سب کچھ صرف اور صرف وفاداری سے حاصل کیا ہے ۔


**ایلڈر بوعز لی**
(مِقدِس کی تعمیراتی کمیٹی کے چئیر مین)

---

**حیرت انگیز!**

*Aurora* آئورو روشنیوں سے بنی ہوئی تصاویر جو ہمیں آسمان کی خوبصورتی یاددلاتی ہیں چرچ کے اراکین ان کو جولائی میں منعقدہ لیڈر شپ سیمینار میں لے کر گئے تھے۔



## ایمان کا اقرار

1. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن الكتاب المقدس هو كلمة نفخة اللّٰه وبأنه كامل وبدون نقص.
2. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بوحدة وبعمل اللّٰه الثالوث: اللّٰه الآب القدوس,اللّٰه الإبن القدوس,اللّٰه الروح القدس.
3. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن خطايانا مغفورة فقط بدم يسوع المسيح الفادي.
4. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بقيامة وبصعود يسوع المسيح, بمجيئه الثاني,بالحكم الألفي,وبالسماء الأبدية.
5. أعضاء كنيسة مانمين المركزية يعترفون بإيمانهم من خلال "قانون الإيمان"في كل مرة يجتمعون فيها ويؤمنون بمحتواه حرفياً.

"وہ(خدا)توخودسب کوزندگی اورسانس اورسب کچھ دیتاہے"۔(اعمال 25:17)

"اورکسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کوکوئی دوسرانام نہیں بخشاگیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات پائیں"۔(اعمال 12:4)

Urdu
مانمن نیوز
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ

نمبر3-235 گُروڈونگ 3، گرُو۔گو،سیول کوریا(848-152)
فون 82-2-818-7047 فیکس 82-2-818-7048
ویب سائٹ www.manmin.org/english
ای میل manminministry@hotmail.com

ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِاعلیٰ:سینئیرڈیکنیس گیومسُن وِن

## ڈاکٹر جے راک لی -۷۷۷دن اسرائیلی خدمت کا آغاز کیا

۲۵جولائی ۱۹۸۲کو خدا نے مانمن سینٹرل چرچ کی تشکیل کی اور چرچ کو قومی اور عالمگیر بشارت اور عظیم عبادت گاہ کی تعمیر کی رویا بخشی ۔اُس نے کہا کہ چرچ اسرائیل کو ' بیدار' کرے گا جبکہ یسوع مسیح کی آمد نزدیک ہے ۔

بالآخر ،خدا نے ناصرۃ کے مقام پر پہلی عبادت کا موقع دیا جہاں یسوع مسیح نے پرورش پائی تھی ۔۲۵ جولائی ۲۰۰۷ کو چرچ کا ۲۵ واں یومِ تاسیس تھا۔اُس وقت سے لے کر اپنے بارہ دوروں کے دوران اُس نے خداوند کے نقشِ قدم کی پیروی کرتے ہوئے شمالی اور جنوبی اسرائیل میں تین سال تک انجیل کی منادی کی ۔

اُن کے دوروں سے اسرائیل کے مقامی پاسبانوں نے پاک روح کے آتشین کاموں کے وسیلہ اسرائیل کے لئے خدا کی محبت اورپیشگی انتظام کو تسلیم کیا۔نتیجتاً وہ اسرائیلی کلیسیائوں کی ترقی پر متفق ہوگئے اور پاسبانوں کی یگانگت میں انہوں نے اسرائیلی پاسٹرز ایسوسی ایشن تشکیل دی جس کا نام ' کرسٹل فورم 'ہے ۔جب اسرائیلی مسیحی حلقہ نے تقویت پائی تو ڈاکٹر جے راک لی نے آرتھوڈوکس یہودیوں کے سامنے انجیل کی منادی کی خدا کے اُس انتظام کی تکمیل کرنے کی سخت جد و جہد کی جو بائبل مقدس میں درج ہے ۔

## انٹر نیشنل کنونشن سینٹر یروشلیم میں اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ ۲۰۰۹ کا انعقاد کیا گیا




۶تا ۷ ستمبر ۲۰۰۹ کو ڈاکٹر جے راک لی کا اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ ۲۰۰۹ انٹر نیشنل کنونشن سینٹر یروشلیم میں‌منعقد ہوا جو کہ اسرائیل کا دارالخلافہ بھی ہے ۔اِس کی میزبانی کرسٹل فورم نے کی ۔کروسیڈ ' خدا عظیم ہے 'کے موضوع پر منعقد کیا گیا تھا اور اِس میں مقامی لوگوں کے علاوہ ۳۶ ممالک کے بے شمار لوگوں نے شرکت کی تھی ۔یہ کروسیڈ ایک تاریخ ساز لمحہ بن گیا تھا۔

ڈاکٹر جے راک لی نے "خدائے خالق " اور "صرف یسوع ہی ہمارا نجات دہندہ کیوں ہے ؟ " کے عنوانات پر پیغام پیش کئے ۔اُن کے کلام کی تصدیق بعد ازاں ظاہر ہونے والے نشانات سے ہوئی ۔بیماروں کے لئے اُن کی دعا کے وسیلہ متعدد بیمار لوگوں نے شفا پائی ۔وہ طویل قطاروں میں سٹیج پر بیٹھ گئے تا کہ اپنی شفا کی گواہی سے خدا کو جلال دے سکیں ۔ اِس کروسیڈ کا آٹھ زبانوں میں ترجمہ کیا گیا اور جی سی این ٹی وی ، ایلیس، سی این ایل ، ٹی بی این روس اور ڈیجیٹل کانگو میں براہِ راست نشر کیا گیا ۔مزید برآں،عوامی نشریاتی اداروں ، کیبل ٹی وی نیٹ ورک اور مواصلاتی ٹی وی نے بھی اِسے نشر کیا جن میں ڈے سٹار، میریکل ٹی وی ، ہیون ٹی وی۷شامل ہیں ۔اُس سب کے وسیلہ سے یہ کروسیڈ تقریباً ۲۲۰ ممالک میں نشر کیا گیا ۔نتیجہ میں اِس کروسیڈ کو مسیحی تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا اور منفرد واقعہ قرار دیا گیا۔



ڈاکٹرجےراک‌لی‌کااسرائیل‌یونائیٹڈکروسیڈ۲۰۰۹

## یونائیٹڈ کروسیڈ میں قدرت کی دعا کے بعد اسرائیل میں جل تھل

طویل عرصہ قحط سالی کی وجہ سے ۲۰۰۹میں اسرائیل کو پانی کی شدیدکمی کا سامنا تھا ۔اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ میں ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی کہ بارش ہو جائے ۔پاسٹر دانی ایل روزن ،صدر کرسٹل فورم نے کہا کہ "منگل کے روز ،جو کہ کروسیڈ کا دوسرا دن تھا ،میں نے ٹی وی پر خبروں میں دیکھا کہ اسرائیل کے وسطی علاقہ میں بارش ہو رہی ہے ۔ستمبر میں اسرائیل میں شاذ و نادر ہی بارش ہوتی ہے ۔مگر جب کروسیڈ سے ایک ہفتہ بعد میں‌یروشلیم سے تل ابیب کی طرف جا رہا تھا تو وہاں بڑی موسلا دھار بارش ہوئی ۔یہ بالکل ویسے ہی ہوا تھا جیسے ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی تھی ۔یہ خدا کا ہمارے ساتھ ہونے کا ثبوت ہے ۔

موسم کا حال بتاتے ہوئے اسرائیلی محکمہ موسمیات کے منتظمین نے کہا کہ اِس بارش میں برسنے والا پانی گزشتہ برسوں ہونے والی اوسط بارشوں سے بھی زیادہ ہے ۔ یروشلیم پوسٹ جو کہ اسرائیل کا بہت بڑا ادبی جریدہ ہے اس نے اِس خبر کو " ڈاکٹر جے راک لی از مانمن سینٹرل چرچ آف کوریا نے اسرائیل میں بارش کے لئے دعا کی " کی شہ سرخی کے ساتھ پیش یا ۔ اور ' وکٹری' نے بھی جو کہ روسی زبان بولنے والے ممالک کی بہت اعلیٰ درجہ کی سائٹ ہے اِس کے بارے میں اِن الفاظ سے ذکر کیا کہ "کوریا کے پاسبان نے بارش کے لئے دعا کی ۔ "

## مسیحِ موعود کے حامی یہودی پاک روح کے کاموں میں انجیل کی منادی کر رہے ہیں

اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ سے لے کر اب تک کرسٹل فورم سے تعلق رکھنے والے پاسبانوں میں وقت کے ساتھ ساتھ اضافہ ہورہا ہے اور مقامی کلیسیا بیدار ہو رہی ہے ۔اس کے علاوہ ڈاکٹر جے راک لی کے اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ ۲۰۰۹ کی یاد تازہ رکھنے کے لئے انہوں نے ایک سالانہ خصوصی کروسیڈ کا انعقاد بھی کیا ہے ۔درحقیقت مسیحِ موعود کے حامی یہودیوں کو معاشرے میں نظر انداز کر دیا گیا تھا کیونکہ انہوں نے یسوع مسیح کو قبول کیا تھا مگر اِن واقعات کی بدولت انہیں بھرپور توانائی ملی ہے اور انہوں نے انجیل کا پیغام پھیلانے میں سبقت حاصل کر لی ہے ۔


ڈاکٹر جے راک لی کے دعا کردہ رومالوں کے ساتھ بعض اسرائیلی پاسبانوں نے نہ صرف اسرائیل میں بلکہ دیگر کئی ممالک جن میں امریکہ ، روس، یوکرین، بلغاریہ ،ایستونیا، اور فلینڈشامل ہیں،شفائیہ عبادات میں‌رہنمائی کی ہے ۔

علاوہ ازیں،کئی زبانوں میں ڈاکٹر جے راک لی کی کتابیں مثلاً' بیدار اسرائیل،'صلیب کا پیغام،ایمان کا پیمانہ ، موت سے پہلے ابدی زندگی کا مزہ ،اور آسمان (حصہ اوّل اور حصہ دوم )یہ سب کتابیں اسرائیل میں دستیاب ہیں اور انہیں خوب شہرت مل رہی ہے ۔نیز،ایم آئی ایس (مانمن انٹرنیشنل سیمنری )کا آغاز بھی کیا گیا ہے جس سے اسرائیلی پاسبانوں اور ایمانداروں کو روحانی نشوونما میں مدد ملتی ہے ۔

اس وقت اسرائیلی لوگ ڈاکٹر جے راک لی کے وعظوں پر مبنی پروگرام ٹی بی این روس، سی این ایل ٹی وی ، ہولی گاڈ ٹی وی اور راڈنائے اسرائیل ٹی وی کی نشریات کے ذریعہ دیکھ سکتے اور بیماروں کے لئے دعا کروا سکتے ہیں ۔




# اسرائیل کے عظیم بشارتی سفر میں یسوع مسیح کی منادی کی گئی!




GCN جي سي إن
(الشبكة المسيحية العالمية)
هاتف:82-2-824-7107
فاكس:82-2-813-7107
الموقع الإلكتروني: www.gcntv.org
البريد الإلكتروني: webmaster@gcntv.org

WCDN World Christian Doctors Network
(شبكة الأطباء المسيحيين في العالم)
هاتف:82-2-818-7039
فاكس:82-2-830-5239
الموقع الإلكتروني: www.wcdn.org
البريد الإلكتروني: wcdnkorea@gmail.com

MIS
(معهد مانمين الدولي للتعليم العالي)
هاتف:82-2-8187334
فاكس:82-2-830-3310
الموقع الإلكتروني: www.manminseminary.org
البريد الإلكتروني: manminseminary2004@gmail.com

كتب أوريم
هاتف:82-70-8240-2057
فاكس:82-2-869-1537
الموقع الإلكتروني: www.urimbooks.com
البريد الإلكتروني: urimbooks@hotmail.com